ایسٹر کی تعطیلات کے لیے سفارشات

یہ رہی حکومت کی ایسٹر کی چھٹیوں کو انفیکشن سے بچاو کی پیشہ ورانہ تدابیر کے تحت صحیح طریقہ سے گزارنے کے لیے سفارشات۔

عام حالات

- اگر آپ کی طبیعت خراب ہو تو گھر پر رہیے، کوویڈ-19 سے متاثر ہونے کا شک ہو تو جتنا جلدی ممکن ہو جانچ کروایے۔

سماجی طور پر

- اندرون خانہ اور بیرون خانہ دوسروں سے دو میٹر کا فاصلہ قائم رکھیے۔
- آپ سماجی رابطوں کو ممکنہ حد تک محدود کیجیئے۔
- اپنے گھر میں دو سے زیادہ افراد کو مدعو کرنے سے گریز کریں۔ اگ آپ کی مقامی بلدیہ میل ملاپ سے گریز کرنے کی تجویز دیتی ہے تو اس پر عمل کریں، چاہے آپ گھر پر ہوں، کاٹج پر یا کہیں اور۔
- اگر آپ اعلیٰ سطح انفیکشن والے اور سخت مقامی اقدامات کے علاقے سے آئے ہیں تو ایسٹر میں کہیں بھی رات کا قیام کرنا تجویز نہیں کیا جاتا۔ 20 سال سے کم عمر کے بچے اور نوجوان اور تنہا رہنے والے افراد پھر بھی ایک سے دو مستقل دوستوں کو رات کے قیام کی دعوت دے سکتے ہیں۔
- بیرونی سرگرمیوں کو ترجیح دیں۔اور جہاں فاصلہ رکھنا آسان نا ہو ایسی پرہجوم جگھوں پر جانے سے گریز کریں۔

سفر

- بیرونِ ملک سفر کی ممانعت، اگر سفر شدید ضرورت کے تحت نہیں تو۔ ناروے میں بلاضرورت سفر سے اجتناب کریں۔
- اگر آپ بلخصوص انفیکشن کنٹرول کا خیال سفر کے دوران یا تعطیلات کی جگہ پر رکھ سکیں تو آپ تفریحی کاٹج (ذاتی، ادھار، کرایہ) جا سکتے ہیں۔سفر اپنے کنبے کے ساتھ کیجیے، روانگی سے پہلے خریداری کر لیجیے اور دوسروں سے فاصلہ قائم رکھیے۔
- دوکانوں میں ماسک کا استعمال کیجیے
- کنبے کا صرف ایک فرد خریداری کرے
- ایسے وقت خریداری کیجیے جن زیادہ لوگ خریداری نا کر رہے ہوں
- یہ جاننا بہت ضروری ہے جس بلدیہ میں آپ موجود ہیں وہاں کون سے قوانین نافذ ہیں، مثال کے طور پر بلدیہ کی ویب پیج یا helsenorge.no

- اگر آپ ایسی بلدیہ میں جاتے ہیں جہاں پر آپ کی بلدیہ کی بانسبت اقدامات میں نرمی ہے، تو بنیادی طور پر آپ کو اپنی بلدیہ کی تجاویز کے مطابق چلنا ہے۔
- اگر اپ قرنطینہ میں یا اپنے ٹیسٹ کے نتیجے کا انتظار کر رہے ہیں، تو آپ کوایسٹر کی چھٹیاں منانے نہیں جانا چاہیے حتیٰ کہ اپنے کاٹیج پر بھی نہیں۔
- اگر آپ کاٹیج پر بیمار پڑجاتے ہیں تو گھر روانہ ہو جایئں۔ اگر آپ کو کال موصول ہو کہ آپ پر قرنطینہ کا اطلاق کیا جا رہا ہے تو آپ کو گھر چلے جانا چاہیے۔
- آپ اندرون ملک ہوٹل تک سفر کر سکتے ہیں، لیکن دوسرے مہمانوں سے فاصلہ اختیار کریں، اور مشترکہ استعمال کی جگہ پر قیام محدود رکھیں۔ اگر آپ ایسے علاقہ سے ہیں جہاں پر وباء کا دباؤ زیادہ اور سخت مقامی اقدامات نافذ ہیں ، تو آپکو ہوٹل یا دیگر رہائش گاہوں میں جہاں زیادہ افراد جمع ہوتے ہیں، وہاں سفر کرنے سے اجتناب کرنا چاہیے۔
- کاٹیج سے کاٹیج سفر کی حمایت نہیں کی جاتی، کیونکہ اس سے انفیکشن کی بڑھوتری کے خطرے میں نمایاں اضافہ ہو سکتا ہے۔
- ۔اگر آپ نے دیکھ بھال کرنے کے عملے کے بنا کاٹیج استعمال کرنا ہے، تو پیشگی بکنگ ممکن ہونی چاہیے تاکہ ایک ہی وقت میں دوسرے کنبے یا سفری ساتھی موجود نہ ہوں۔
- اگر کاٹیج تک رسائی مشکل ہے، اور صحت کی دیکھ بھال کی ضرورت اور قرنطینہ، ٹیسٹ کے امکان سے مقامی محکمہ صحت کو مسائل کا سامنا ہو، تو مقامی سطح پر اس امر پر غور کرنے کی ضرورت ہے کہ ایسے کاٹیجوں کو بند رکھنے کی حمایت کی جائے۔
- با امرمجبوری کے تحت کیے جانے والا سفر (مثلاً بچے جو دوسرے ملک والدین سے ملاقات کے لیے جایئں) تو سفری احتیاط کرنا بہت ضروری ہے اور واپس آنے پر قرنطینہ کے قوانین اور ٹیسٹ کے تقاضے پورے کرنا لازمی ہے۔
- سیاحت کے کارکنان کو اس امر پر غور کرنا چاہئے کی مشترکہ جگہ پر رسائی محدود کریں، تاکہ انفیکشن کے خطرے کو کم کریں اور انفیکشن کنٹرول کی تجاویز پرآسانی سے عمل کیا جاسکے۔

عبادات اور دوسری تقریبات

ایسٹر میں عبادات اور دوسرے مذہبی تقریبات اور فلسفیانہ نظریہ فکر کے اجلاس پر قوانین، ہدایات اور تقریبات کی تجاویز لاگو ہوتی ہیں۔
آپ کو اپنی مقامی بلدیہ سے باہر ایسے اجلاس میں شامل ہونے سے اجتناب برتنا چاہیے۔

- تمام تقاریب بعد از 12 اپریل تک ملتوی کرنے کی درخواست کی جاتی ہے اگرپہلے منعقد کرنا ضروری نہیں ہے۔